# پولیس اور آپ

## جانیں اپنے حقوق



# قانونی امداد

CHRI
Commonwealth Human Rights Initiative

## قانونی امداد اور آپ

ہمارے ملک میں ہزاروں لوگ جب کسی جرم کے الزام کی زد میں ہوتے ہیں یا کوئی معاملہ عدالت تک لے جانا چاہتے ہیں تو وکیل کا خرچ برداشت کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ اسکا مطلب ہے کہ ایسے لوگ نظامِ انصاف تک بامقصد رسائی سے محروم رہ جاتے ہیں۔

اس بات کو یقینی بنانا حکومت کی ذمہ داری ہے کہ نظامِ انصاف سبھی شہریوں کی انصاف تک یکساں رسائی کو فروغ دے جس میں قانونی امداد بھی شامل ہے۔ بھارت کے آئین کی دفعہ 39 (اے) کی رو سے ہر شہری کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر وہ معاشی یا دیگر کسی مجبوری کی وجہ سے انصاف تک رسائی کی استطاعت نہیں رکھتا ہے تو حصول انصاف کے لئے مفت قانونی مدد اس کا حق ہے۔ یہ حکومت کی ذمہ داری ہے کہ اسے مفت قانونی امداد فراہم کرے۔ یہ پمفلیٹ آپ کو قانونی امداد کے حق سے آگاہ کرتا ہے اور بتاتا ہے کہ آپ کس طرح قانونی امداد حاصل کرسکتے ہیں۔

## قانونی امداد کا حق

☆ آئین سبھی گرفتار افراد کو اپنی پسند کے وکیل سے مشورہ کرنے اور اسکے ذریعہ اپنا دفاع کئے جانے کا حق دیتا ہے [دفعہ 22(1) آئین ہند۔] قانونی صلاح ومشورے کا یہ حق سماعت کے مرحلہ سے نہیں بلکہ گرفتاری کے وقت سے ہی شروع ہوجاتا ہے۔ یہ

صرف سماعت کے آخر تک ہی جاری نہیں رہتا بلکہ فیصلے کو چیلنج کرنے کے آخری قانونی مواقع تک جاری رہتا ہے۔

☆ آئین کی دفعہ 39 (اے) کو دفعہ 21 کے ساتھ ملا کر پڑھا جائے تو یہ بات ثابت ہوتی ہے کہ قانونی امداد ایسے کسی بھی فرد کا حق ہے جو قانونی امداد کا مستحق ہے لیکن وکیل کی خدمات حاصل کرنے کی استطاعت نہیں ہے۔

## قانونی خدمات اتھارٹی ایکٹ، 1987

☆ 1987 میں پالیمنٹ نے قانونی خدمات اتھارٹی ایکٹ پاس کیا جو مختلف سطحوں پر قانونی خدمات کی اکائیاں قائم کرتا ہے تا کہ 'سماج کے غریب طبقات کو مفت اور موزوں قانونی خدمات فراہم کی جائے اور اس بات کو یقینی بنایا جائے کہ معاشی یا دیگر مجبوریوں کی وجہ سے کوئی شہری انصف سے محروم نہ رہ جائے۔"

☆ یہ قانون مفت قانونی امداد کو عملی شکل دیتا ہے۔ غربت، ذات، نسل یا جنس کی بنیاد پر عدم تحفظ کے شکار افراد جن کے پاس مقدمہ درج کرنے یا مقدمہ کا دفاع کرنے کے لئے وکیل رکھنے استطاعت نہیں ہے انھیں اسکا مجاز بناتا ہے، قانونی امداد تک رسائی فراہم کرتا ہے تا کہ کسی وکیل کے ذریعہ انکی بھی نمائندگی کی جاسکے۔

**یہ قانون مختلف سطحوں پر قانونی خدمات کے ادارے قائم کرتا ہے۔یہی ادارے ہیں جو قانونی امداد کی خدمات کی فراہمی کو آسان بناتے ہیں:**

☆ مرکز کی سطح پر ایک قومی قانونی خدمات کا شعبہ ہے۔ قومی شعبہ کا کام سپریم کورٹ قانونی خدمات کمیٹی کا قیام ہے۔

☆ ریاست کی سطح پر ایک ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی ہوتی ہے۔ ریاستی اتھارٹی کا کام ہائی کورٹ کی سطح پر ریاستی قانونی خدمات اور ہرایک تحصیل میں تحصیل سطح کی قانونی خدمات کمیٹیاں قائم کرنا ہے۔

☆ ضلع کی سطح پر ضلع قانونی خدمات اتھارٹی ہوتی ہے۔

## قانونی خدمات اتھارٹی کے ذریعہ فراہم کی جانے والی خدمات:

☆ عدالتی اور دیگر فیس کی ادائیگی

☆ کسی قانونی کاروائی کی تیاری، مسودہ تیار کرنے اور داخل کرنے کے اخراجات کی ادائیگی/ بھرپائی۔

☆ قانونی پریکٹشنر یا قانونی مشیر کی فیس/ اعزازی خدمات کی ادائیگی۔

☆ کسی قانونی کاروائی میں فرامین، فیصلے، احکامات یا دیگر دستاویزات حاصل کرنے کے اخراجات کی ادائیگی/ بھرپائی۔

☆ تمام دستاویزی کام بشمول اشاعت اور ترجمہ کے

اخراجات کی ادائیگی/ بھرپائی۔

## قانونی امداد کا مستحق کون ہے؟

یہ قانون یہ طے کرتا ہے کہ مستحق کون ہے۔ قانون کی دفعہ 12 بتاتی ہے کہ مندرجہ ذیل زمرے کے تمام لوگ اپنے مقدمات کے دفاع کے لئے قانونی امداد کے مستحق ہیں:

- ☆ درج فہرست طبقات یا درج فہرست قبائل کے رکن۔
- ☆ غریب: سپریم کورٹ میں مقدمہ داخل کرنے کے لئے ایسے لوگ مدد کے مستحق ہیں جنکی سالانہ آمدنی 50 ہزار روپئے سے کم ہے۔ دوسری عدالتوں میں مقدمات کیلئے مجوزہ سطح آمدنی ریاستی حکومتوں کے ذریعہ طے کی جاتی ہیں اس لئے وہ مختلف ہوسکتی ہیں۔
- ☆ انسانوں کی غیر قانونی تجارت کے فقرا و مساکین۔
- ☆ جسمانی یا ذہنی طور پر معذور۔
- ☆ خواتین یا بچے۔
- ☆ وسیع تباہی، نسلی تشدد، ذات پات پر مبنی سفاکی، سیلاب، قحط یا زلزلہ کے شکار افراد۔
- ☆ صنعتی مزدور۔

زیر حراست افراد، اسمیں گھر میں حفاظتی حراست، نابالغ گھر یا نفسیاتی اسپتال میں حراست بھی شامل ہے۔ اسکا مطلب حراست میں کوئی بھی شخص، زیر سماعت یا سزا یافتہ، مفت قانونی امداد کا حقدار ہے۔

**نوٹ:** اگر آپ مستحق کے درجے میں آتے ہیں تب بھی قانونی خدمات کے ادارے کو چاہئے کہ طے کرے کہ کیا مقدمہ چلانے کے لئے جائز معاملہ بنتا ہے یا دفاع کی گنجائش موجود ہے یا نہیں۔ اگر قانونی کاروائی کیلئے آپکی درخواست میں کوئی وجہ موجود نہیں ہے تو قانونی خدمات فراہم نہیں کی جائیگی۔

## قانونی خدمات کیلئے کس سے رابطہ کریں؟

قومی، ریاستی، ضلعی یا تحصیل کی سطح پر قانونی خدمات کے کسی بھی ادارے سے رابطہ کیا جا سکتا ہے۔ یہ اس ادارے کی ذمہ داری ہے کہ ضرورت کے اعتبار سے آپکے مقدمہ کے لئے مناسب قانونی خدمات اتھارٹی کو آپکی درخواست بھیج دے۔ درخواست یہاں پر دی جاسکتی ہے:

- ☆ تحصیل قانونی خدمات کمیٹی کیلئے نامزد سینئر سول جج
- ☆ سیکریٹری، ضلع قانونی خدمات اتھارٹی
- ☆ سکریٹری، ہائی کورٹ قانونی خدمات کمیٹی
- ☆ سکریٹری، سپریم کورٹ قانونی خدمات کمیٹی
- ☆ رکن سیکریٹری ریاستی قانونی خدمات اتھارٹی
- ☆ منصف مجسٹریٹ سے جس کے سامنے گرفتار شخص کو پیش کیا گیا ہے۔ یا
- ☆ اگر آپ حراست میں ہیں تو پولیس یا جیل حکام سے، جو مناسب قانونی خدمات اتھارٹی سے رابطہ کرنے میں آپکی مدد کر سکتے ہیں۔

اگر آپ زیر حراست ہیں تو عدالت کا فرض ہے کہ آپکی قانونی نمائندگی کو یقینی بنائے، خواہ آپ قبل سماعت یا سماعت کے مرحلہ میں ہوں۔ جب آپکو پہلی بار پیش کیا جاتا ہے تو عدالت کو آپ سے ضرور پوچھنا چاہئے کہ آپ کا کوئی وکیل ہے، اور اگر نہیں ہے تو عدالت کو چاہئے کہ فوراً ریاست کے خرچ پر وکیل مقرر کرے۔

## قانونی امداد کی درخواست کیسے کریں؟

☆ تحریری درخواست دیں۔

☆ اگر آپ پڑھ لکھ نہیں سکتے ہیں تو قانونی خدمات اتھارٹی آپکے انگوٹھے کے نشان کے ساتھ آپکے بیان کو ریکارڈ کریگی۔ اسکا شمار درخواست کے طور پر کیا جا سکتا ہے۔

☆ اگر آپ آمدنی کی بنیا پر درخواست دے رہے ہیں تو آپکو اپنی آمدنی کا حلف نامہ جمع کرنا ہوگا۔

## قانونی امداد حاصل کرنے والے شخص کے فرائض کیا ہیں؟

☆ قانونی خدمات اتھارٹی کے سیکریٹری کے ذریعہ دی گئی ہدایتوں پر عمل کرنا؛

☆ جب بھی ضرورت ہو اتھارٹی کے آفس یا عدالت اور قانونی امداد کیلئے مقرر وکیل کے پاس جانا؛

☆ قانونی امداد کے وکیل کو مکمل اور صحیح جانکاری دینا؛

☆ اپنے قانونی امداد کے وکیل کو کوئی فیس یا خرچ نہ دینا۔

## سی ایچ آر آئی کے بارے میں

کامن ویلتھ ہیومن رائٹس اِنیشئیٹو (سی ایچ آر آئی) ایک بین الاقوامی آزاد اور غیر منافع بخش تنظیم ہے جسکا صدر دفتر بھارت میں ہے۔ دولت مشترکہ میں حقوق انسانی کے عملی حصول کو فروغ دینا اسکے مقاصد میں شامل ہے۔ سی ایچ آر آئی حقوق انسانی کے معیارات کی زیادہ استواری کی وکالت کرتی ہے۔

## ہمارے پروگرام ہیں:

- ☆ انصاف تک رسائی (پولیس اصلاحات)
- ☆ انصاف تک رسائی (جیل اصلاحات)
- ☆ معلومات تک رسائی
- ☆ بین الاقوامی وکالت اور منصوبہ بندی

**Commonwealth Human Rights Initiative**


کامن ویلتھ ہیومن رائٹس انیشئیٹیو

**تھرڈ فلور، سدھارتھ چیمبرس**

۱۵۵ اے، کالوسرائے

نئی دہلی-110016

انڈیا

ٹیلیفون:+91-11-43180200

فیکس:+91-11-43180217

ای میل:info@humanrightsinitiative.org

ویب سائٹ:https://www.humanrightsinitiative.org